Prime Minister’s meeting with Mr. Osamu Suzuki, Senior Advisor, Suzuki Motor Corporation

May 23, 2022

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے سوزوکی موٹر کارپوریشن کے سینئر صلاح کار جناب اوسامو سوزوکی کے ساتھ میٹنگ کی

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے آج ٹوکیو میں سوزوکی موٹر کارپوریشن کے سینئر صلاح کار جناب اوسامو سوزوکی کے ساتھ ملاقات کی۔ اس میٹنگ کے دوران وزیر اعظم نے بھارت میں جناب سوزوکی کے تعاون و امداد کا ذکر کرتے ہوئے بھارت کی موٹر گاڑی صنعت میں سوزوکی موٹرس کے تغیر پذیر رول کی تعریف کی۔ انہوں نے اس بات کی بھی تعریف کی کہ سوزوکی موٹر گجرات پرائیویٹ لمیٹڈ اور ماروتی سوزوکی انڈیا لمیٹڈ آٹوموبائل اور آٹو کمپوننٹ سیکٹر میں پروڈکشن لنکڈ انسینٹو (پی ایل آئی) اسکیم کے تحت منظور شدہ درخواست گزاروں میں شامل تھے۔

انہوں نے پائیدار ترقی کے اہداف کو حاصل کرنے کے لیے الیکٹرک گاڑیوں اور بیٹری کے ساتھ ساتھ ری سائیکلنگ مراکز کے لیے پیداواری سہولیات قائم کرنے سمیت بھارت میں سرمایہ کاری کے مزید مواقع کے بارے میں بھی گفت و شنید کی۔ انہوں نے جاپان-انڈیا انسٹی ٹیوٹ آف مینوفیکچرنگ (جے آئی ایم) اور جاپانی اینڈاوڈ کورسز (جے ای سی) کے توسط سے ہنرمندی کے فروغ سمیت بھارت میں مقامی اختراعی نظام کی تعمیر کی حکمت عملیوں کے بارے میں بھی بات چیت کی۔

ٹوکیو

مئی 23 2022

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.